BROWN
BOOK ONLY

UNIVERSAL LIBRARY
OU_224466
UNIVERSAL LIBRARY

هو الشافی و هو الباقی

الحمد لله والمنة که این آوان فرخنده بنیان عرشی توامان مین نسخه
نادر الوجود صحت آمود معین اطبار منتهی مفید نو آموزان مبتدی یعنی

تحقیقات نادرهٔ طبی

معروف بہ

مفردات ہندی

مصنفه و مؤلفه طبیب نامی لبیب گرامی فرید زمان وحید دوران
واقف نکات طبی جناب حکیم بشیر احمد صاحب گوپاموی

مطبع نامی منشی نولکشور کانپور مین مزین بہ طبع ہوا

اور باہتمام پنڈت شیام ناتھ منیجر اشاعت پائی

اعلان اس کتاب کے جملہ حقوق نولکشور پریس این محفوظ ہین - [illegible] -

اطلاع

اس مطبع مین ہر علم وفن کی کتب وغیرہ کا سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہے جسکے معائنہ وملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرماسکتے ہین قیمت ارزان ہے اس کتاب کے ٹیٹل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین انمین بعض کتب طب وغیرہ درج کرتے ہین تاکہ اس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

کتب طب

تشریح الاسباب۔ مع نقشہ بروج فلکی مصنفہ حکیم قاضی الٰہی بخش۔

رسالہ زبدۃ المفردات مع رسالہ نظم باریک حکیم سید علی حسین صاحب۔

زبدۃ الحکمت تینون فصلون کے خورد ونوش کا طریقہ حفظ صحت مؤلفہ حکیم محمد قمر علی صاحب۔

مفید الاجسام مع فوائد عجیبہ ہر مرض کے نسخے مولفہ سید فضل علی صاحب نغیتو ڈاکٹر

طب احسانی مصنفہ حکیم احسان علی صاحب۔

مجمع البحرین۔ از حکیم حمید خان دہلوی

طب یونانی وڈاکٹری۔

علاج الغربا۔ ترجمہ حکیم اصغر علی۔

ترجمہ طب اکبر۔ یہ ترجمہ تمام خوبی سے ہوا ہے ہر ایک مطالب دقیق کو صاف محاورہ زبان اردو مین لکھا ہے۔ نام تاریخی اس کا مظاہر العلاج ہے۔ مترجمہ حکیم محمد حسین۔

قانون عشرت۔ عموماً ہر قسم تپ کا علاج وخصوصاً تپ دق وتپ مزمن کا مصنفہ حکیم عشرت حسین

انیس الاطبا۔ تالیف حکیم مولوی صادق علی۔

طب نبوی۔ جسکا ہر نسخہ مریضون کے لیے اکسیر اعظم ہے

معالجات احسانی دلائل تشخیص امراض اور اسکا علاج مؤلفہ حکیم احسان علی۔

علاج الامراض اردو طب کی مستند کتاب ترجمہ حکیم ہادی حسین خان۔

رسالہ قارورہ۔ شناخت رنگ قوام ورائحہ بول مین عمدہ رسالہ مولفہ حکیم غلام یحیی۔

کیمیای عناصری۔ ترجمہ قرابادین قادری مترجمہ حکیم محمد نور کریم

تحفۃ الاطبا۔ اسم بامسمی ہے مولفہ حکیم سید مشرف حسین حیدرآبادی۔

یعنی شافی مستحق و مزیل جمیع امراض و علل مطلق نسخہ

نادرہ و نگارز حسین ادویہ مصرانی بموافقت اوزان و مزاج بقاعدہ یونانی ہیں مسمیٰ بہ تاریخی

تحقیقات نادرہ طبی

المعروف بہ

مفردات ہندی

مصنفہ کامل فن حکیم بشیر احمد صاحب گوپاموی سابق ملازم [illegible] صاحب بہادر [illegible]

مطبع نامی منشی نولکشور کانپور میں طبع ہو

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبحان اللہ عجیب حکیم و حاکم ہی جس نے اپنے قانون حکمت کو عموماً تمام عالم پر اور خصوصاً مملکت
مدینہ انسان پر نافذ فرمایا اور ذاتی جوہر بسیط قدرت کو پیرایۂ عنصریات مین دکھایا اعجاز
مسیحائی اُس نے آب زلال نفس نفیس کا لب تشنہ و خوگر ہے اور ید بیضا سے موسوی
اُس کے جیب حقیقت کا دست مگر ظہور صفات اُسکی حقیقت کی دلیل ہی اور اُس کے ادراک
کنہ مین راہ و بشر علیل کلیہ عالم تن وحدت کا ایک باعث اور اجزاے ربع مسکون
شرح کثرت کے چار اسباب مرض و صحت حیات و ممات اُس کے قہر و رحم و قدرت کاملہ
کا ایک عمدہ ثبوت ہی اُس کے دوام اور ہمیشگی کا برہان ساطع حیی لا یموت ہی آب نعت اُس
رسول مقبول کی واجب و لازم ہے جو اللہ کا حبیب اور مریضان امت کا طبیب حاذق
ہی جس کے واسطے قرآن سا قانون شفا و رحمت نازل ہوا منکر رسالت کا کبھی نیک انجام نہین
اُس کے شافی و شفیع ہونے مین کچھ کلام نہین بیت خدا غافرست و رسولش شفیع
بی عاصیان ست بیشک نجات عہ اُسکا کلام تسکین و قوت قلب و دماغ کے لیے معجون

فلاسفہ ہی اور نقشہ سحبانی بیماران اُمم کے حق مین نسخہ حب الشفا احادیث نبوی ہدایت خلق کے واسطے ارکان موضوعہ ہین اور اقوال صحیحہ بشر کی عقیدت کے لیئے اجزاے مطبوعہ انکی طینت پاک مظہر شان ربوبیت ہی اور عنصر لطیف بیتیم مقام عبودیت صلی اللہ علیہ وآلہ الامجاد واصحابہ الکرام اما بعد خادم الاطبا ہوا خواہ احبا راجی رحمت الصمد بشیر احمد ابن مرزا احمد بیگ بن حکیم مرزا قادر بخش صاحب مرحوم و مغفور متوطن قصبہ گریا سو ضلع ہردوئی کاملین و شائقین کی خدمت مین گزارش پرداز ہے کہ اس ہیچمدان نے سابقًا کئی رسالہ فن طب مین یعنی معیار الحکمت تشریح بحران مین و خوان حکمت بیان ماکول و مشروب مین دبیضاوی حکمت معروف رسالہ آتشک و مجربات بشیر معروف بہ رسالہ قوت باہ چھپواکر شائع کیے چنانچہ ناظرین باتمکین نے بڑی قدردانی فرمائی اور داد محنت دیکر مؤلف کو ممنون منت کیا ہرچند اس فن خاص کی قدر و منزلت بوجہ مخالفت زمانہ کے اٹھ گئی ہے نہ اطبا کو کسی قسم کا اطمینان ہی اور نہ اُمراے زمانہ کو اس طرف توجہ ان تنگی معاش اور سواخذہ دشواری سے سخت بیقرار ہین دونون اپنے اپنے حال مین گرفتار ہین اگر کسی صاحب مین مادہ تصنیف ہوا بھی تو وہ دھوکے سے بھی قلم نہین اُٹھاتے ہین اور بجلی گرکا کام فرما کر علمی نادرون کو چھپاتے ہین ناظرین کی یہ کیفیت کہ کتاب کا پڑھنا تو بالاے طاق دور سے جلد کا دیکھنا شاق ہوتا ہے بالفعل میدان تصنیف مین قلم کا اُٹھانا ایسا ہی جیسے اہل ہنود کو اس عملداری مین ہتھیار کا باندھنا برتقدیر اگر کسی نے کچھ لکھنے کی جرأت بھی کی اور اپنی جان لڑائی تو گویا اُسپر چارون طرف سے آفت آئی ہر عالی حوصلہ اپنا زور طبیعت دکھاتا ہے اور جابجا بے گنتیون رنگ اعتراض جماتا ہے آپ فرمایئے کہ اس زمانہ مین کوئی کیا کرے اور کیا لکھے۔

شعر
دکھائین کسکو کوئی ہاے قدردان ہی نہین + چھپائے رکھتے ہین مضمون کو دل مین جان کی طرح + لیکن سچ تو یہ ہے کہ زمانہ قدردان اور اہل کمال سے خالی

کبھی نہیں ایک آدھا نقاب اتفاق سے اپنا جلوہ دکھاتا ہے کوئی نہ کوئی قدردان نکل ہی آتا ہے
آپ سنیے کہ کشش آب و دانہ نے اپنا اثر دکھایا آخر مجھکو دور سے کھینچ کر بلانپور لے آیا سخی باذل
صاحب دریا دل جناب راجہ بتیسر بخش سنگھ صاحب بہادر تعلقہ دار بلانپور ضلع سیتاپور
جام اقبال نے میری حال پر کمال لطف فرمایا اور اپنا طبیب خاص مقرر کیا جناب محتشم الیہ
کے مانند قدردان کبھی دیکھے نہ سنے ہر قسم کے ذی ہنر اور اہل کمال موجود ہیں نگاہ لطف کا
مساوی اثر ہے سب پر ایک سان نظر ہے جو شخص اپنا کلام سنانے جاتا ہے معقول داد پاتا ہے
نہیں باتوں سے ہنروالے بام ترقی پر چڑھتے ہیں سن چلون کے دل بڑھتے ہیں علم
کی قدردانی میں اپنے آقاے نامدار جناب ملکہ معظمہ قیصرہ ہند کے قدم بقدم ہیں وہی حوصلہ
وہی دم ہیں آپ کی سخاوت و داد و دہش کا سکہ رائج دور دور ہے دریا دلی شرق سے
غرب تک مشہور ہے ہر وقت در سخاوت باز ہے بعینہ وزراے برامکہ کا انداز ہے شجاعت وہ کہ
اگر رستم و سام ہزار زور لگائیں آپ کے اقلیم مردانگی کو نہ کبھی پائیں آپ کے دبدبہ زوری
کا گرم بازار ہے بلا مبالغہ گاو زمین تک بیقرار ہے آپ کی ذات کی قدر کوئی کیا جانے اگر اسفندیار
از سر نو زندہ ہو تو انکا لوہا مانے آپ کی فصاحت بیانی اور خوش کلامی کس زبان سے ادا
کیجاوے فصاحت بیانی ایسی عالم پسند ہے کہ فرزدق و سحبان کا نفس ناطقہ بند ہے فردوسی
و رودکی و عنصری بیخنگ چنگ زبان کی بہت خوش گفتاری سے زہرہ آب ہوتے ہیں کلام
شیرین سنکر بیتاب ہوتے ہیں حکماے متقدمین ارسطو و افلاطون اگر سینۂ علم کو دیکھتے
رموز حکمت میں کبھی دم نہ مارتے الغرض آپ کی ثنا و صفت میں عاجز تحریر و تقریر ہے
انتہا یہ کہ آپ کی ذات خود اپنی نظیر ہے جناب باری ایسے آقاے نامدار فخر روزگار رشک
بلاغت مخزن فصاحت مصدر لیاقت مظہر لطافت نکتہ سنج نکتہ پرور سخی و عادل و کرم گستر
علم دوست و آشنا نواز یگانہ و بیگانہ منصف زمانہ شہسوار میدان بزم ذی مروت والا مرتبت
خوش گو خوش خو نیک طینت منصف مزاج ذی اخلاق عالی دماغ طبیعت دار

آزمودہ کا رسرا پا برکات جامع الصفات کو تا دور شمس و قمر بسلامت با کرامت رکھے اور یہ ریاست ہمیشہ ترقی و اقبال پر رہے آمین ثم آمین الملخص جناب جامع الصفات نے ایک مرتبہ اس ہیچمدان کو مخاطب کر کے یہ ارشاد فرمایا کہ آج تک کوئی کتاب اس قسم کی چھپی اور شہرہ عوام میں ہو رقت اوزان و مزاج اطبا بقاعدۂ یونانی ہون ہماری نظر سے نہین گذری ہے اگر اس بار محنت آپ گوارا فرماتے اور کسی مطبع مین بغرض اشاعت چھپواتے تو عامۂ ہزار دن بندگان خدا اس سے فائدہ اٹھاتے چنانچہ اس ہیچمدان نے الامر فوق الادب جانکر بہت جانفشانی اور بڑی جانکاہی اور دماغ سوزی کے ساتھ کتب ہندیہ مثل نگھنٹ بھاگوا وغیرہ سے ترجمہ کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور اس کا نام تاریخی تحقیقات نادرۂ طبی المعروف بہ مفردات ہندی رکھا یہ رسالہ مثل ایک فرہنگ اردو ہند اور نک ہے اسمین ادویہ ہندیہ کے نام اور اونکے افعال و خواص بقاعدۂ یونانی لکھے گئے ہین اور انکا فائدہ دکھایا گیا ہے الحمد للہ اب یہ نادر نسخہ حسب اجازت آقائے ولی نعمتی اتمام کو پہونچا ہے قوی امید ہے کہ ناظرین والا تمکین جناب معظم الیہ کے ممنون ہو کر فائدہ کثیر اٹھائین گے اور مولف کو دعاے خیر سے نہ بھلائین گے اور جہان کہین سہو و نقص پائین اوسکی بے تکلف اصلاح فرمائین کیونکہ بموجب حدیث شریف الانسان مرکب من الخطا و النسیان ہے

مقدمہ

اس بیان مین چند امور کا اول ذکر کرنا لازم ہے اور یہ مشتمل ہے چند فصلون اور فوائد پر

فصل اول بیان مزاج و درجات ادویہ مین اور یہ تقسیم ہے چار فائدون پر

واضح ہو کہ معلوم ہونا مزاج ادویہ کا تین چیزون پر موقوف ہے اول رنگ ادویہ سے دوسرے سونگھنے بو سے تیسرے چکھنے ادویہ سے معتدل المزاج کو اور وجود و ابدال نہین جاتی ہے اور فقط خارجا استعمال کرائی جاتی ہے مزاج اسکی

ہواؤن کا بھی فرض کر لیا گیا ہے مگر تعین درجات ادویہ استعمال ادویہ پر موقوف ہے اگر کوئی دوا اصلاً استعمال نہ کی جائے تعین درجۂ ادویہ غیر ممکن۔

فائدہ اول بیان درجات اربعہ ادویہ میں

واضح ہو کہ جو تے سد سے مین پہونچی ہے وہ چار درجے سے خالی نہین ہے یعنی بسبب اگر اول مرتبہ کھانے پینے ادویہ مین کوئی کیفیت پیدا ہو مگر جب تک مقدار مین زیادہ اول مرتبہ سے استعمال کرادین اور اُس سے ایک اثر پیدا ہوا اُسکو درجۂ اول کہتے ہین۔ اور اگر کیفیت ظاہر ہو کر افعال کو کوئی ضرر نہ پہونچے یہ درجہ دوسرا ہوا اگر ظہور کیفیت افعال مین ضرر پہونچے مگر ہلاکت کی حد کو نہ پہونچے یہ درجہ تیسرا ہے اور اگر تاثیر ضرر افعال کی حد ہلاکت تک پہونچے یہ درجہ چوتھا ہے اور ہر درجے مین تین درجے ہین اول اور اوسط اور آخر اطباے ہندی نے ادویہ کے دو درجے قائم کیے ہین اول استھل یعنی کم اور اسمین درجہ اول و دوم داخل ہے دوسرا امہا یعنی زیادہ اور اسمین درجہ تیسرا اور چوتھا شامل ہے۔

واضح ہو کہ اطباء ہندی کے نزدیک دوا مین دو کیفیتین ہین اول حرارت دوسری برودت اور اسکو سنسکرت مین بیرج کہتے ہین اور رطوبت اور یبوست کو ان دونون کیفیتون کے تابع تصور کرتے ہین اور اُنکا قول ہے کہ ہر شے باعتبار اپنی بیرج کے موثر ہوتی ہے مگر بعض اطباے ہندیہ نے اسکی تردید کی ہے کہ ہر شے مین پانچ کیفیتین ہین اول درب دوسری رس تیسری بیرج چوتھی بپک پانچوین پربھاو درب اُس شے کی ذات کو کہتے ہین رس مزہ کو کہتے ہین بیرج کیفیت کو کہتے ہین بپک ہضم کے وقت کے ذائقہ کو کہتے ہین پربھاو اُس کے خلاصہ کو کہتے ہین مثلاً شہدئی جو بوٹی مشہور ہے اور بخار خاص و عام کے واسطے ازالۂ تپ ولرزہ کے مریض کے گلے مین لٹکاتے ہین اور اُس نے اثر سے لرزہ نہین آتا ہے پس شہدئی کا جرم درب اور گرمی اسکی اُسکا بیرج اور تری اُسکی اُس کا

رس اور شیرین مزہ اسکا جو وقت ہضم کے پیدا ہوتا ہے اسکا پریک اور تپ و لرزہ کا زائل ہونا اسکا پربھاو ہے پس ان اطبا کے نزدیک دوا کبھی باعتبار رس اور کبھی باعتبار بیرج اور کبھی باعتبار بپریک اور کبھی باعتبار پربھاو کے موثر ہوتی ہے۔

فائدہ دوسرا بیان از روی ذائقہ خواص و مزاج ادویہ مین

واضح ہو کہ اطبائے یونانی کے نزدیک ماکولات باعتبار ذائقہ کے آٹھ قسم ہین اور اطبائے ہندی کے نزدیک چھ۔

قسم اول

دواے تفہ یعنی بے مزہ جسکو ہندی مین پھیکا کہتے ہین اور اس قسم کو اطبائے ہندیہ نے مدھر لکھا ہے طبعاً سرد تر ہے لطافت اور کثافت مین معتدل ہے حرارت کو تسکین دیتی ہے پیاس کو بجھاتی ہے صفرا اور خون کی حدت کو دور کرتی ہے بھوک کم کرتی ہے معدہ کو سست کرتی ہے

قسم دوسری

دواے عفص یعنی ترش جسکو اطبائے ہندی نے ابل اور اردو مین کھٹا کہتے ہین طبعاً سرد و خشک ہے سدے کو کھولتی ہے خون اور صفرا کو زائل کرتی ہے دماغ اور جسم کے جوڑون کو مضر ہے مگر گرم مزاج والے کو مفید ہے کھانے کو اور معدہ کے مواد کو ہضم کرتی ہے بھوک بڑھاتی ہے اور ترش جو معدہ مین معلوم ہوتی ہے اسکے کھٹے سے جاتی ہے دل کو مفید ہے

قسم تیسری

دواے حریف یعنی جسکو اطبائے ہندی کٹ اور اردو مین چرپرا کہتے ہین طبعاً گرم خشک ہے سدے کو کھولتی ہے سینہ کو صاف کرتی ہے بینائی کو مضر ہے اور طبیعت اسکی اطبائے ہندی کے نزدیک گرم و خشک ہے دافع بلغم ہے اور ہاضم بھوک پیدا کرتی ہے صفرا اور باہ کو بڑھاتی ہے فربہی اور کاہلی اور بلغم اور پیٹ کے کیڑون کو اور خارش کو دور کرتی ہے مگر فساد خون اور خشکی لب اور اعضا مین جلن پیدا کرتی ہے جوڑون کو سست

کرتی ہی اور منی اور چربی کو کم کرتی ہی دوران سر اور مرگی اور جنون اور بدن مین لرزہ اور درد پیدا کرتی ہی

قسم چوتھی

دواے حلو یعنی شیرین جسکو اطباے ہندی مدہر اور اردو مین میٹھا کہتے ہین طبع معتدل نخ معدہ کو ڈھیلا کرتی ہی اور جو خلط غالب ہوتا ہی اسکی طرف فوراً مستحیل ہوتی ہے منی کو بڑھاتی ہی بھوکھ کم کرتی ہے سینہ کو صاف کرتی ہی معدہ کو سست کرتی ہے اور اطباے ہندی کے نزدیک مزاج اسکا طبع سرد ہے چرب نخ باد یعنی ہوا اور پت یعنی صفرا کو دور کرتی ہے ساتون دھات اور دودھ کو زیادہ کرتی ہے اور آنکھون کو مفید رنگ کو صاف کرتی ہی زور بڑھاتی ہی خون کو صاف کرتی ہی بڈھون اور لڑکون کو اور زخمی اور مریض کو فائدہ بخشتی ہے بیہوشی اور پیاس اور جلن کو دور کرتی ہے حواس خمسہ کو قوت دیتی ہے اور معدے کو ڈھیلا کرتی ہے اور کنٹھ مالا پیدا کرتی ہے ۔

فائدہ

سات دھات اول رس یعنی فزہ دوسرے خون تیسرے گوشت چوتھے چربی پانچوین ہڈی چھٹے مجا ساتوین منی اور آٹھ اپدھات ہین سونا مکھی روپا مکھی ابرک نیل ہرتال پارا کھپریا یعنی سنگ بصری سرمہ

قسم پانچوین

دواے دسم یعنی چرپرا اور اسکو اطباے ہندی نے مدہر مین لکھا ہی طبع معتدل نخ معدہ کو ڈھیلا کرتی ہی خلط غالب کی طرف مستحیل ہوتی ہی بھوکھ کم کرتی ہے معدہ مین گلٹی پیدا کرتی ہے ۔

قسم چھٹی

دواے عفص یعنی زمخت جسکو اطباے ہندی کشائی اور اردو مین کسیلا کہتے ہین طبع سرد خشک نخ مانع سیلان رطوبت اور حابس شکم ہی اور اطباے ہندی کے

نزدیک دافع بلغم و صفرا ہی اور زخم کو بھرتی ہی دستون کو بند کرتی ہے رطوبت کو خشک کرتی ہی ہضم جلد ہوتی ہے گر پیٹ پھولاتی ہے اور درد دل و جگر و پیاس پیدا کرتی ہے سودا کو بڑھاتی ہے بدن مین جھلری ڈالتی ہے ۔

قسم ساتوین

دوائے مرچی تلخ جسکو اطباے ہندی تکت اور اردو مین کڑوا کہتے ہین طاگرم خشک ہے خشکی بدن مین پیدا کرتا ہی زبان مین خشونت پیدا کرتی ہی تابض ہے اور اطباے ہندی نے اسکا مزاج طاگرم خشک لکھا ہی دافع صفرا ہی اور بھوک پیدا کرتی ہی خارش و پیاس و بیہوشی و تپ صفراوی و بلغمی کو دور کرتی ہی مگر درد و نقرہ پیدا کرتی ہی

قسم آٹھوین

دوائے مالح یعنی شور جسکو اطباے ہندی لون اور اردو مین نمکین کہتے ہین طاگرم خشک ہے لطافت اور کثافت مین معتدل ہی اور محلل ورم ہے بدن کی جھلی کو خشک اور تحلیل کرتا ہی اور اطباے ہندی کے نزدیک مزاج اسکا طاگرم چرب ہے سودا کو دفع کرتی ہی کھانے کو ہضم کرتی ہے بھوک بڑھاتی ہی پاخانہ آسانی لاتی ہے مگر بدن مین خارش اور فساد خون و جلن پیدا کرتی ہے ۔

واضح ہو کہ اطباے ہندی کے نزدیک ہر ایک جسم پانچ عنصر یعنی پانچ تت سے مرکب ہی اول پرتھوی یعنی خاک دوسرا آب یعنی پانی تیسری آگن یعنی آگ چوتھی بایو یعنی ہوا پانچوین آکاس یعنی خلا جس چیز مین پانی اور مٹی کا عنصر غالب ہوتا ہے وہ شے میٹھی ہوتی ہے اور جس شے مین آگ کا عنصر غالب ہوتا ہی وہ چیز کھٹی ہوتی ہے اور جس چیز مین پانی اور آگ کا عنصر غالب ہوتا ہی وہ شے نمکین ہوتی ہی اور جس چیز مین ہوا اور آگ کا عنصر غالب ہوتا ہی وہ چرپری ہوتی ہی اور جس چیز مین خلا اور ہوا کا عنصر غالب ہوتا ہی وہ کڑوی ہوتی ہی اور جس چیز مین مٹی اور ہوا کا عنصر غالب ہوتا ہی وہ

کسیلی ہوتی ہے ،،

فائدہ تیسرا

واضح ہو کہ سوا گئے اور سے بھی اطبائے یونانی نے مزاج ادویہ کا دریافت کیا ہے پس معلوم کرنا چاہیے کہ تیزی و قوی دلیل حرارت کی ہے اور شدت تلخی اور زبق کے اگر دوا میں ... تو دلیل سردی کی ہے اور اگر ... ملا ہو تو دلیل معتدل ہونے دوا کی ہے

فائدہ چوتھا

واضح ہو کہ اطبائے ہندی نے کیفیت مزاج ادویہ کی ... اطبائے یونانی کی ... قاعدہ مقرر نہیں کیا ہے اور چونکہ ... سے کتب طبیہ ہندیہ مثل ... وغیرہ کا ترجمہ کیا ہے ... اصول دریافت مزاج ادویہ کتب طبیہ یونانی سے ... میں ... کا مزاج دریافت کرنا ... دستور مندرجہ کے موجب دریافت کرتے ہیں پس معلوم کرنا چاہیے کہ جس دوا کا رنگ سیاہ ہو مزاج اسکا گرم خشک ہوتا ہے اور رنگ جس دوا کا سفید ہوتا ہے وہ سرد تر ہوتی ہے اور رنگ جس دوا کا زرد ہوتا ہے مزاج اسکا گرم خشک ہوتا ہے اور رنگ جس دوا کا سرخ ہوتا ہے وہ دوا معتدل ہوتی ہے اور رنگ جس دوا کا سبز ہوتا ہے وہ دوا سرد ہوتی ہے۔

فصل دوسری بیان ادویہ مسہلات اخلاط میں

واضح ہو کہ اطبائے ہندی نے ... لکھے ہیں اور انکے نزدیک خلط تین ہیں اول بائی یعنی باد جسکو اطبائے یونانی سودا کہتے ہیں مزاج اسکا سرد خشک ہے ... یہ خلط اطبائے ہندی کے نزدیک ... اور ... اور ... صحت اور مرض ... استاد ... ہیں ... کو ... الاخلاط کہتے ہیں

ادویہ مفردہ مسہلہ سودا

اجمود بھنگ اجوائن بھی ... آرتد ... گوگل ... ریوند ... چوک

ہلدی چوا کھار نوکرندہ کستوری سہاگہ اشکی ہیا بانسہ گل تلسی جوانسہ کرنج کبیسہ اگر سونف دھنیا
سونٹھ کپور سیندہ آنولہ زیرہ سفید نگنہ شتاور بکائن تہل نیلا رنگ کی مرچ پیپل پیپلا مول
لونگ جو دوا بیر گچھی سیمون کا تیل الائچی اسگند [illegible] تالی لوٹن انجبار تیس زراج
خربزے کے بیج لسوڑہ شاہترہ تلسی یاسمین کا تیل لمبی پیپل کا کڑا سنگی شہد دوسر اخلاط

کف میں جسکو اطبا یونانی بلغم کہتے ہیں مزاج اسکا سرد تر ہے ادویہ معتدلہ مفردہ بلغم
بیجی سینگ عنصل شاہترہ اجوائن ہلدی کالا زیرہ سونف اسپند کرنج نک شکر تج [illegible] سوتھا اندرایین
الائچی سونٹھ اجوائن باسک [illegible] تج بیلا دل اجمود [illegible] کیسر ازنگا آگ کستوری جاوتری
بابچیل سنگ [illegible] چینی اور کھ [illegible] پیپل صندل سفید گلچین [illegible] دونوں کی [illegible]
جو اکھار [illegible] کا تیل سیوتی تخم کسوندی میں [illegible] سیرتا بیسر جوب
بیج پیپل سپاری [illegible] پھول [illegible] کیسر [illegible] گلاب کے پھول
شتل [illegible] اخلاط [illegible] جسکو اطبا یونانی صفرا کہتے ہیں مزاج اسکا گرم خشک
ہے ادویہ مفردہ معتدلہ صفرا [illegible] ہلدی [illegible] شیرین
گلنار [illegible] سونٹھ الائچی [illegible] کی [illegible] دونوں صندل
کیسر [illegible] گلوی [illegible] اسبغول
[illegible] کے بیج [illegible] کے بیج [illegible] کے بیج [illegible] کے بیج۔

فصل تیسری ادویہ مسہل کے بیان میں

واضح ہو کہ اطبا ہندی مسہل کو ریچک کہتے ہیں اور انکا مسہل دینے کا یہ طریقہ ہے کہ اول روز مریض کو منہ اسے سبک کھلا کر اوپر سے عرق لیموں خواہ سرکہ پلاتے ہیں دوسرے روز اسکے تمام بدن پر تل کا تیل ملکر نہلاتے ہیں بعدہ پیٹ کی سختی و نرمی دریافت کرکے ادویہ مسہل استعمال میں لاتے ہیں صفراوی مزاج والے کو نرم دوا مثل سونٹھ دکسکی املتاس وغیرہ کے اور بلغمی مزاج والے کو تیز دوا مثل دودھ تھوہر و بیج املتاس

اور چھال گوڑ اور ریگ وغیرہ کے اور یوم مسہل مریض کو ہاتھ پانون سرد پانی سے دھونے کی ممانعت کرتے ہین اور اگر ممکن ہو تو یوم مسہل فاقہ کراتے ہین اور اگر فاقہ نکر سکے تو غذا ی سبک کھلاتے ہین اور اطباے ہندی نے مسہل کیواسطے چند ادویہ منتخب کی ہین وہ یہ ہین جڑون مین نسوت کی جڑ اور چھالون مین گلابی چینی کی چھال اور پھلون مین ہلیلہ اور تیل مین ارنڈی کا تیل اور عرق مین کریلہ کا عرق اور دودھ مین تھوہر کا دودھ

سفوف نسوت کے بنانے کی ترکیب نسوت سرخ رنگ کی جو ہوتی ہے اسکا پوست لیکر تازی نسوت کے عرق مین تر کرکے خشک کر رکھین وقت ضرورت استعمال مین لائین

مسہل دافع باد سفوف نسوت۔ نمک لاہوری سونٹھ سب برابر لیکر پیس کر پھکا دین۔

مسہل دافع تپ یعنی صفرا سفوف نسوت شکر سفید ملا کر پھکا دین اوپر سے گاے کا دودھ یا شکر کا شربت پلائین۔

مسہل کف یعنی بلغم سفوف نسوت اور ترکٹہ کو شیرۂ ترپھلا یا شیرۂ گرچ مانند میں ملا کر پلائین

واضح ہو۔ کہ اطباے ہندیہ نے تھوہر کے دودھ کھلانیکی یہ ترکیب لکھی ہے کہ چاول کو تھوہر کے دودھ مین بھگو کر خشک کر رکھین وقت ضرورت پکا کر کھلادین۔

ایضاً کمیلہ دودھ مین تر کرکے گولیان بنا رکھین وقت ضرورت بقدر حاجت استعمال کرائین

ایضاً لیمون کو دودھ مین تر کرکے خشک کر رکھین وقت ضرورت شکر اور گاے کے دودھ کے ساتھ پکا کر کھلائین۔

ایضاً پیپل تھوہر کے دودھ مین بھگو کر خشک کرین وقت ضرورت نمک لاہوری کے ساتھ کھلادین۔

فصل چوتھی ادویۂ مقیہ کے بیان مین

واضح ہو کہ اطباے ہندی نے طریقہ قے کرانے کا اطباے یونانی کے خلاف مقرر

لیا ہے یعنی اطبائے ہندی کے نزدیک جلاب دینا منظور ہو تو اول اس کے تمام جسم پر ایک روز شب شام کے وقت تل کے تیل اور گھی کی مالش کرائیں بعدہ صبح کے وقت اوزبہ دوا پلاکر قے کرادیں بعدہ پانی سے غرغرہ کراکر منھ دھلادیں اور اٹھا لی پہر کے بعد غسل کرادیں پھر آبجوش کلتھی یا مونگ یا ارہر یا شوربا گوشت اور برنج پختہ کھلائیں۔

ادویہ مفردہ مقیہ تین پھل کندو تلخ ترئی تلخ و شیرین سرسون کی پھلی کرنج کا پھل کچنار کسوڑہ نیب اسگند کندرو آندراین چھینڈے کی جڑ۔

ادویہ دافع امراض بلغمی مغز تین پھل دودھ مین جوش کرکے شیر برنج پکاکر کھلائیں۔

ایضاً دودھ مذکور سے مکھن نکال کر کھلائیں ایضاً گل کندو تلخ شش مغز مین پھل کے استعمال کرادیں۔

ادویہ مقیہ دافع امراض صفراوی پیا بانسہ برگ پرور برگ نیب پانی مین جوش کرکے شہد ملاکر پلائیں۔

ادویہ مقیہ دافع اخلاط ثلثہ مغز تین پھل گائے کے دودھ مین جوش کرکے شہد ملاکر پلائیں اور جس روز قے کرادیں اس روز مریض کو زیادہ کھانا کھانے اور جماع کرنے اور بدن پر تیل ملنے سے منع فرمائیں

فصل پانچوین ناس لینے کے بیان مین

واضح ہو کہ اطبائے ہندی کے نزدیک ناس لینے سے بھی ازالہ مرض ہوتا ہے یعنی امراض بلغمی مین پہر دن چڑھے اور امراض صفراوی مین دو پہر کو اور امراض سوداوی مین تیسرے پہر کو ناس دینا بہت مفید لکھا ہے مگر حاملہ عورت اور بوڑھے اور لڑکے اور جس شخص نے زہر کھایا ہو اسکو ناس دینا منع ہے اور علی ہذا رات کے

وقت اور بھوک اور بدہضمی اور غصہ اور فکر اور پیاس اور بیدار ہونے پیشاب ا
پاخانہ طور لعد نہانے اور حالت زکام اور بعد ختنہ ناس دینا منع ہے -
ادویہ مفردہ معطسہ پیچا پیپل تخم سہنجن ترہرون تخم سرس کیسر کی جڑ اسپند
سیاہ و سفید اتیس سونٹھ تا ہی ہنگوٹ کی چھال تیتر عاشکی شتال تازہ مہوہ کو زخفتہ
ساہر تحو گھی ہینگ نمک تمباکو نکچھکنی کدو کا سوکھا پتہ -

فصل چھٹی بقاے قوت ادویہ مفردہ کے بیان مین

واضح ہو کہ جو دوا پرانی ہوجاتی ہے اسمین قوت نہین رہتی ہے اور اگر استعمال مین لائین کوئی فائدہ اس سے ظاہر نہین ہوتا ہے پس طبیب کو چاہیے کہ جو نسخہ جو مریضون کے واسطے تجویز کرے انکی ادویہ ملاحظہ کر لیا کرے اگرچہ اسمین ایک قسم کی قوت بھی ہے مگر تھوڑا کو فائدہ ہے اور مریض بھی جلد صحت پاتے ہین کیونکہ ہر دوا کی بقاے قوت کے واسطے ایک زمانہ مقرر ہے بعد گذرنے اس زمانہ کے وہ دوا لائق پھینکدینے کے ہوتی ہے مثلاً جڑون مین تین سال تک اور تخمون مین ایک سال اور چھالون مین دو سال اور گھاس مین ایک سال گوندمین دس سال پھولون مین چھ مہینہ گھی مین ایک سال صندل مین دس سال شرفت مین چھ مہینے قوت قائم رہتی ہے اور معدنیات مین ہمیشہ قوت قائم رہتی ہے اور جس قدر تازہ ہوتے ہین اسیقدر بہتر اور عمدہ ہوتے ہین اور کہنہ کے استعمال سے نفع کم ظاہر ہوتا ہے

فصل ساتوین بیان تاثیر فصلون مین

واضح ہو کہ تاثیر فصل سے بھی اثر دواؤن کا قوی ہوتا ہے اور جو دوائیان اس فصل مین موافق مزاج اس فصل کے پیدا ہوتی ہین اسمین اثر قوی ہوتا ہے بخلاف

اور بنانا آتا ہے بشرطیکہ اُس فصل مین کوئی تغیر واقع نہوا ہو ورنہ اُس فصل مین پیدا ہوتا جو شے پیدا ہوئی ہو وہ حکم سم کا رکھتی ہے اور اُس کے استعمال سے بجز ضرر کے کوئی فائدہ ظاہر نہین ۔ ہوتا اور اطباے ہندی نے تمام سال کی چھہ فصلین کی ہین یعنی دو مہینہ کی ایک فصل اور اُسکو کھٹ رت کہتے ہین اور ان فصلون کو دو حصے مین تقسیم کیا ہے اول کو اینن دوسرے کو اُتراین کہتے ہین اور اطباے یونانی نے تمام سال کی چار فصلین کی ہین یعنی ہر فصل تین مہینے کی اور اہل ہند نے تمام سال کی تین فصلین کی ہین یعنی ہر فصل چار مہینے کی چنانچہ ہر ایک کو علٰحدہ علٰحدہ تحریر کرتا ہون ۔

نوع اول بیان دکھن آین مین

اور یہ مشتمل ہے تین فائدون پر

واضح ہو کہ اسمین آفتاب جنوب یعنی دکھن کی جانب جاتا ہے اور قوت آفتاب کی ضعیف ہوتی ہے اسواسطے کہ برج [illegible] زمین جاتا ہے اور اُسکی تین فصلین ہین اول برکھا دوسری سرد تیسری ہیمنت ان فصلون مین اشیاے نمکین اور ترش اور شیرین مزون کی ترقی ہوتی ہے

فائدہ اول بیان برکھا رت مین

واضح ہو کہ اس فصل کے دو مہینے ہوتے ہین اول ساون دوسرا بھادون اور سنسکرت مین ان دونون کو کرک اور سنگھ اور عربی مین سرطان اور اسد کہتے ہین اس فصل مین باد یعنی سودا راہب اور صب [illegible] صفرا غالب ہوتا ہے [illegible] زیادہ ہوتی ہے پانی گندلا ہوتا ہے آسمان پر ابر ہوتا ہے زمین تر ہوتی ہے [illegible] کا غلبہ ہوتا ہے بھوک بوجہ رطوبت کے کم ہوتی ہے اور [illegible] ہضم ہوتی [illegible]

اس فصل مین جس اشیا کا مزہ نمکین ہوتا ہے اُن مین قوت زیادہ ہوتی ہے

فائدہ دوسرا سرد رت کے بیان مین

واضح ہو کہ اس فصل کے بھی دو مہینے ہوتے ہین یعنی کنوار و کاتک اور سنسکرت مین کہیان اور تلا اور عربی مین سنبلہ اور میزان کہتے ہین اس فصل مین پت راجہ ادرباد یعنی سودا ناب ہوتا ہے پانی اس فصل مین کم برستا ہے آسمان صاف ہوتا ہے زمین خشک ہوتی ہے امراض صفراوی پیدا ہوتے ہین اور جن چیزون کا مزہ کھٹا ہے انمین بہ نسبت اور چیزون کے قوت زیادہ ہوتی ہے۔

فائدہ تیسرا ہیمونت رت کے بیان مین

واضح ہو کہ اس فصل کے دو مہینہ ہین اگہن و پوس اور سنسکرت مین برچھیک و دھن اور عربی مین قوس و عقرب کہتے ہین اس فصل مین سودا راجہ اور بلغم ذریعہ ہوتا ہے نباتات قوت پاتے ہین دھوپ کم ہوتی ہے سردی زیادہ ہوتی ہے غذا خوب ہضم ہوتی ہے آکاس یعنی خلا تاریک رہتا ہے پانی پر برف جمتا ہے امراض صفراوی پیدا ہوتے ہین اور جن چیزون کا مزہ میٹھا ہے ان مین قوت زیادہ ہوتی ہے۔

نوع دوسری اُتراین کے بیان مین

یہ مشتمل ہے تین فائدون پر

واضح ہو کہ اسکی بھی تین قسمین ہین اول سسر رُت دوم بسنت رُت سوم گریکھم رت ان فصلون مین آفتاب بُرج حارہ مین جو جانب شمال واقع ہین ان مین جاتا ہے جیوانات کی قوت ضعیف ہوتی ہے اور ان اشیا مین جنکا مزہ تیز اور تلخ اور ترش ہے

ان مین قوت زیادہ ہوتی ہے۔

فائدہ اول سسرت رت کے بیان مین

واضح ہو کہ سسرت رت کے دو مہینے ہین یعنی ماگھ او پھاگن اور سنسکرت مین مکر و کلبھ اور عربی مین جدی و دلو کہتے ہین اس فصل مین بھی باد راجہ اور بلغم نائب ہوتا ہے سردی زیادہ ہوتی ہے آتش کی ہوا زیادہ چلتی ہے اور جن چیزون کا مزہ تلخ ہوتا ہے ان مین اس فصل مین قوت زیادہ ہوتی ہے۔

فائدہ دوسرا بسنت رت کے بیان مین

واضح ہو کہ بسنت رت کے دو مہینے ہین چیت و بیساکھ اور سنسکرت مین ان مہینون کو مین و بیکھ اور عربی مین حوت و حمل کہتے ہین اس فصل مین بلغم راجہ اور سودا نائب ہوتا ہے آسمان صاف ہوتا ہے درختون مین بہار آتی ہے دکھن کی ہوا جسوقت چلتی ہے طبیعت کو خوشی حاصل ہوتی ہے جن چیزون کا مزہ کسیلا ہوتا ہے ان مین قوت زیادہ ہوتی ہے۔

فائدہ تیسرا گریکھم رت کے بیان مین

واضح ہو کہ جیٹھ و اساڑھ کے موسم کو گریکھم رت کہتے ہین اور سنسکرت مین ان مہینون کو برکھ و متھن اور عربی مین ثور و جوزا کہتے ہین اس فصل مین صفرا راجہ اور سودا نائب ہوتا ہے آفتاب مین حرارت زیادہ ہوتی ہے پرانی تپیان خشک ہو کر گرتی ہین نئی تپیان جمتی ہین امراض بلغمی پیدا ہوتے ہین اور جن چیزون کا مزہ چرپرا ہوتا ہے وہ قوت پکڑتی ہین۔

نوع دوسری فصلون اربعہ کے بیان مین

اور یہ مشتمل ہے چار فائدون پر

واضح ہو کہ مدار فصلون کا منحصر ہے داخل ہونے آفتاب پر برجون مین اور برج بارہ ہین جنکو سنسکرت مین مین و بیکہ و متہن و کرک و سنگہ و کنیا و تلا و برچھیک و دھن و مکر و کنبھ اور عربی مین سرطان و اسد و سنبلہ و میزان و عقرب و قوس و جدی و دلو و حوت و حمل و ثور و جوزا اور ہندی مین ساون و بھادون و کنوار و کاتک و اگھن و پوس و ماگھ و پھاگن و چیت و بیساکھ و جیٹھ و اساڑھ کہتے ہین اور آفتاب ایک ایک مہینہ ایک ایک برج مین رہتا ہے

فائدہ اول فصل ربیع یعنی بہار کے بیان مین

واضح ہو کہ آفتاب برج حمل و ثور و جوزا مین جب آتا ہے اسکو فصل ربیع کہتے ہین اور ہندی مین اسی جبکہ نام ماگھ و پھاگن و چیت ہین اور اس موسم مین رات و دن برابر ہوتا ہے اور مزاج اس فصل کا گرم تر ہے اور یہ فصل سب فصلون مین عمدہ ہے سبزہ اُگتا ہے درختون مین کوپل نکلتی ہے برف گلتی ہے نہرین جاری ہوتی ہین

فائدہ دوسرا فصل صیف یعنی گرمی کے بیان مین

واضح ہو کہ یہ فصل اسوقت تک رہتی ہے جبتک آفتاب برج سرطان یعنی بیساکھ و اسد یعنی جیٹھ و سنبلہ یعنی اساڑھ مین رہتا ہے اور مزاج اس فصل کا گرم خشک ہے اس موسم مین امراض صفراوی پیدا ہوتے ہین اور اخلاط تحلیل ہوتے ہین بدن کو سستی ہوتی ہے اسی وجہ سے اس فصل مین رنگ بدن کا سرخ ہوتا ہے بھوک زیادہ

ہوتی ہی دن بڑا ہوتا ہی رات کم ہوتی ہی ہوا گرم چلتی ہے شبنم کم گرتی ہے جانور موٹے ہوتے ہین مکھیان اور کھٹمل زیادہ ہوتے ہین۔

فائدہ تیسرا فصل خریف یعنی خزان کے بیان مین

واضح ہو کہ زمانہ اس فصل کا اسوقت تک رہتا ہی جب تک آفتاب برج میزان یعنی ساون و عقرب یعنی بھادون و قوس یعنی کنوار مین رہتا ہی یہ فصل سب فصلون مین ناقص ہی اور مزاج اس فصل کا سرد و خشک ہی اس فصل مین بارش زیادہ ہوتی ہی صبح اور رات کو سردی زیادہ ہوتی ہی دوپہر کو گرمی ہوتی ہی درختون کی پتیان خشک ہو کر گرتی ہین امراض سوداوی پیدا ہوتے ہین رات اور دن برابر ہوتا ہی جسم مین لاغری پیدا ہوتی ہی اور اطبائے یونانی اور ہندی نے واسطے مسہل کے یہ موسم مقرر کیا ہے مگر اطبائے ہندی نے یہ لکھا ہے کہ اول فصل مین قے اور آخر فصل مین مسہل دینا چاہیے۔

فائدہ چوتھا فصل شتا یعنی زمستان کے بیان مین

واضح ہو کہ موسم اس فصل کا اس زمانہ تک رہتا ہی جب تک آفتاب برج جدی یعنی ٹک و دلو یعنی اگھن و حوت یعنی پوس مین رہتا ہے اور مزاج اس فصل کا سرد تر ہی عمدہ یہ اسوقت ہوتی ہی جب اس فصل کے قبل برسات اچھی اور ہوائے جنوب کم چلے اور اس فصل مین امراض سرد تر پیدا ہوتے ہین رات بڑی ہوتی ہے دن چھوٹا ہوتا ہی پانی سرد ہوتا ہے بھوک زیادہ ہوتی ہی کھانا ہضم ہوتا ہی ہوا سرد چلتی ہی شبنم زیادہ گرتی ہی جانور بوجہ سردی کے ضعیف ہوتے ہین زہردار جانور بوجہ سردی کے چھپتے ہین کھانے اور پینے کے لائق یہ فصل ہے عمر باتو بوجہ مسوی

کے تکلیف زیادہ ہوتی ہے۔

نوع چوتھی فصل ثلاثہ کے بیان مین

واضح ہو کہ بلاد ہند مین اہل ہند نے تمام سال کی تین فصلین مقرر کی ہین ہر ایک فصل چار مہینے کی اور نام اُسکے یہ ہین اول جاڑا دوسری گرمی تیسری برسات اگرچہ ان فصلون کا حال اوپر بیان کرچکا ہون مگر بموجب قواعد مقررہ اہل ہند کے لکھتا ہون۔

بحث اول موسم جاڑے کے بیان مین

واضح ہو کہ اس فصل کے چار مہینے ہین کاتک و اگہن و پوس و ماگھ اس فصل مین مثل پلاؤ و بیضہ نیمبرشت و نان گندم و گوشت بز و گوشت جوزہ مرغ و حلوان فربہ و لوزیات کھایا کرین اور بدن کو سردی سے بچادین اور عطر گرم مثل مشک و عنبر وغیرہ کے سونگھا کرین و معجونات و عرقیات حارہ مثل ماءاللحم وغیرہ استعمال مین رکھین اور یخنی صبح کے وقت پینا بھی بہت مفید ہے۔

بحث دوسری موسم گرمی کے بیان مین

واضح ہو کہ اس کے بھی چار مہینے ہین پھاگن و چیت و بیساکھ و جیٹھ اس موسم مین غذا صبح کے وقت کھانا چاہیے کیونکہ اس موسم مین کھیسان زیادہ ہوتی ہین اور گوشت مین ترکاری مثل کدو و بازو و ساگ پالک و خرفہ و ککڑی وغیرہ ڈال کر پکوانا چاہیے اور اشیای ترش مثل ترکہ و لیمون وغیرہ کے زیادہ استعمال کیا کرین شربت بنفشہ و نیلوفر ہمراہ عرق گاؤزبان و کیوڑا پینا زیادہ مفید ہے اس موسم مین صفرا کو ہیجان ہوتا ہے

اور آفتاب برج حارہ مثل دلو یعنی کنبھ و حوت یعنی مینکھ و ثور یعنی برکھ مین آتا ہے
اشیاے گرم مثل کریلہ وغیرہ کے نہ کھانا چاہیے اور حقہ و تمباکو اس موسم مین
کم استعمال کرنا چاہیے۔

بحث تیسری فصل برسات کے بیان مین ہے

واضح ہو کہ اس موسم کا زمانہ اساڑھ و ساون و بھادون و کنوار تک رہتا
ہے اسمین رطوبت زیادہ پیدا ہوتی ہے مچھڑون کی کثرت ہوتی ہے بھوک کم ہوتی ہے بدن
سست رہتا ہے مزاج ہوا کا گرم ہوجاتا ہے کوڑا وغیرہ سڑتا ہے اس موسم مین چاہیے
کہ عطر گلاب و خس وغیرہ سے جو مزاج کے موافق ہو اُس سے کپڑون کو معطر رکھین
اور سبزہ پیش نظر رکھین تاکہ آنکھون مین طراوت پیدا ہو۔

فصل آٹھوین رموز و علامات جدول مین ہے

واضح ہو کہ علامات ہندی کی ہر سنسکرت علامت سنسکرت کی ماہیت
و طبیعت نفع خواص ح حار رطب ب بارد ی یابس مع معتدل مر مرکب
انتہی اور درجہ اول ۱ درجہ دوم ۲ درجہ سوم ۳ درجہ چہارم۔
پوشیدہ نہ رہے کہ مقدار شربت کا خانہ نسخے شربت کے نہین لکھا
ہے کیونکہ اطباے ہندی نے کوئی مقدار شربت کی حد مقرر نہین کی ہے اور یہ
کتاب ترجمہ نگھنٹ بھاشا وغیرہ کتب ہندیہ سے کیا ہے اسوجہ سے اُسکا خانہ نہین لکھا گیا

	باب اول حرف الف				
نمبر	ہندی	سنسکرت	ماہیت	طبیعت	افعال وخواص
۱	آنولہ	धात्री	معروف	حی ۲	فساد خون کو دور کرتا ہے دافع ریاح ہی حرارت صفرا کو تسکین دیتا ہی بلغم کو خارج کرتا ہی مقوی اعضائے رئیسہ ہی پیاس کو بجھاتا ہے بواسیر کے خون کو بند کرتا ہے بھوک پیدا کرتا ہی دستون کو بند کرتا ہے۔
۲	آنولہ بھومین	भूधात्री	درخت ایک بالشت اونچا ہوتا ہی اور بیج چھوٹے ہوتے ہین مزا کڑوا	حی ۳	فساد خون کو دور کرتا ہی اور صفرا کی گرمی کو دفع کرتا ہے بلغم کو خارج کرتا ہے ریاح کو پیدا کرتا ہی پھوڑے کو لگانے سے اچھا کرتا ہے تپ لرزہ کو کالی مرچ کے ساتھ پینے سے کھوتا ہے۔
۳	ادرک	आद्रक	مثل سونٹھ کے ہوتی ہے	حی ۳	ریاح معدہ کو دفع کرتی ہے اسکا عرق اور شہد ملا کر کھلانے سے بلغمی کھانسی جاتی ہی دال ماش مین ملا کر کھانے سے اسکی اصلاح ہوتی ہے۔
۴	اجوائن خراسانی	पारसी	تخم سیاہ رنگ	بی ۳	نیند پیدا کرتی ہے درد کو تسکین دیتی ہے ضماداً درد سر پر لگانے کو کھوتی ہی رطوبت معدہ کو

			ہوتی ہے		جذب کرتی ہے ہاضم ہے پیچش کو دفع کرتی ہے سیلان و رطوبت معدہ کو مفید ہے
۵	انیم	अहिफेन	دودھ پوست کا ہے	بی	ورم کو تحلیل کرتی ہے مخدر ہے نیند لاتی ہے قابض ہے پیچش کو دور کرتی ہے درد سر ... کو فائدہ کرتی ہے آنکھ اور کان کے درد کو تسکین دیتی ہے کھانسی بلغمی کو مفید ہے۔
۶	اجواین دیسی	दीपक	تخم سفید رنگ چھوٹا ہوتا ہے	حی ۳	پیشاب لاتی ہے ہاضم ہے بھوک پیدا کرتی ہے ریاح کو بلغم کو فساد معدہ کو پیچش کو بادے گولا کو پیٹ کے کیڑوں کو دور کرتی ہے فالج و لقوہ کو مفید ہے ہچکی کو دور کرتی ہے۔
۷	اجمود	अजमोदा	اجوائن سے بڑے بیج پیلے زرد ہوتے ہیں	حی ۳	جگر و تاب تلی کے سدوں کو کھولتی ہے ہاضم ہے معدہ کے فضلہ کو جذب کرتی ہے درد کو تسکین دیتی ہے ورم کو تحلیل کرتی ہے ریاح کو دفع کرتی ہے بند حیض و پیشاب کو کھولتی ہے پیٹ کے کیڑوں کو نافع ہے۔
۸	ابرک	अभ्रक	معدنی ہے تخم سفید زہر بغیر کشتہ کے	ح ۲ ب ۲	مقوی ہے جذام و خفقان و برسام کو دور کرتا ہے اور جو دست خون ملے آتے ہیں اور استسقاء کو مفید ہے اور جو بخار گرمی سے آتا ہے اسکو کھوتا ہے سنگ گردہ و مثانہ کو خارج کرتا ہے۔

نمبر	۰	س	م	ط	افعال وخواص
۸			کھانا منع ہے۔	ب ی ۳	بواسیر خونی کو مفید ہے
۹	الست	अगस्त्य	درخت کلاں ہند بین مشہور ہی	بی ۳	صفرا کو بلغم کو جو سے دن کے بخار کو دور کرتا ہے اور اس کا پھول ہنیس اور بخار بلغمی کو کھوتا ہی
۱۰	انار کھٹا	दाड़िम	پھل مشہور ہی	بی ۳	قابض ہی حرارت معدہ و جگر و جوش خون و صفرا کو تسکین دیتا ہی غشی و قی و خفقان کو دور کرتا ہی تخم اسکا مقوی معدہ ہی۔
۱۱	انار میٹھا	दाड़िम	پھل مشہور ہی	بر ۲	قابض ہی دل کو قوت دیتا ہی خون کو بند کرتا ہے پیشاب زیادہ لاتا ہے جلندھر کو کھوتا ہے کیول اور کھانسی جو گرمی سے آتی ہو اسکو دور کرتا ہی۔
۱۲	آلو بخارا	आलूबुख	پھل ترش مشہور ہی	ب ۱ - ر ۲	کھبن اور دست آوری بخار صفراوی و سرسام کو دور کرتا ہے حرارت قلب کو جی کی الش کو کھانسی کو جو گرمی سے آتی ہو کھوتا ہے بلغم پیدا کرتا ہی اور کھانسی

					بلغمی پیدا کرتا ہی۔
۱۳	ال پہلیو	बोतस	پھل ہند مین مشہور ہی۔	ہ	شہوت کو بڑھاتا ہی باسے گولا کو دور کرتا ہے صفرا و بلغم و فساد خون کو دفع کرتا ہی سفوف پتے اور پھول اور پوست کا پیو سرعت انزال و جریان منی رحم کو کھولتا ہی پتے اس کے قابض ہین اور کونپل اسکی پیٹھ سے سوزاک جاتا ہی۔
۱۴	آلو بیر	छुधा	پھل گرمی مشہور ہ		شہوت کو بڑھاتا ہی صفرا کی جوش کو بواسیر کو ریاح کو زیادہ دست آنے کو باسے گولا کو دور کرتا ہے شہد کے ساتھ پانے سے بند حیض جاری ہوتا ہے اور حمل گراتا ہی ورم کو تحلیل کرتا ہے
۱۵	آم	रसाल	میوہ ہندی مشہور ہے۔		مقوی اعضا ہی بیسہ زیادہ کرتا ہی رنگ صاف کرتا ہی مصفی خون ہی اسہال بواسیری اور کھانسی اور فساد خون اور حرارت صفرا کو دفع کرتا ہی
۱۶	آڑو	बीरसन	میوہ ہندی مشہور ہی	ہ	مفرح قلب ہی حرارت صفرا کو تسکین دیتا ہی پیاس کو بجھاتا ہی بواسیر و ریاح کو کھولتا ہی ریاح حارہ کو دفع کرتا ہی۔
۱۷	انجیر	मनचुंसा	میوہ مشہور ہے	ح ۲ ۱	ورم ناب تلی کو کھولتی ہی درد سینہ کو نافع ہی بدن کو تیار کرتی ہی ریاح کو فساد خون کو

نمبر	ہ	س	م	ط	افعال و خواص
					بلغمی کھانسی کو بخار کو دفع کرتی ہے محلل ورم ہے۔
۱۸	اخروٹ	अमूद्दक	میوہ ہندی مشہور ہے	حی ۳	مقوی دماغ ہے باہ کو قوت دیتا ہے قوت حافظہ کو بڑھاتا ہے پیٹ کے کیڑوں کو ریاح کو کھوتا ہے
۱۹	املی	वंचा	درخت ہندی مشہور ہے۔	ب ۲	مقوی قلب ہے تپ کی آتش کو کھوتی ہے صفرا کو نکالتی ہے جوش خون کو پیاس کو ہیضہ کو قے کو دفع کرتی ہے دست آور ہے۔
۲۰	اروترئی	कारातका	ترکاری ہندی مشہور ہے	ب ۲	اخلاط کو درست کرتی ہے ورم کو زردی چشم کو ورم تاب تلی کو بواسیر کو حدت صفرا کو دور کرتی ہے پھول اسکا سرسام وجریان منی کو دور کرتا ہے۔
۲۱	اگر	वसरूपक	لکڑی خوشبودار ہے	ح ی ۳	باہ کو زیادہ کرتا ہے قوائے دماغی کو قوت دیتا ہے منھ کی بد بو کو کھوتا ہے ہاضم ہے امساک پیدا کرتا ہے کھانسی و دمہ و غشی و خفقان کو کھوتا ہے۔
۲۲	آلو	पिंडालकम	ترکاری مشہور ہے	ب ۳	ثقیل دیر ہضم ہے معدے کو غلیظ کرتا ہے ریاح پیدا کرتا ہے منی کو بڑھاتا ہے باہ و مثانہ کو قوت دیتا ہے

۲۳	آبنوس	तेंदू	درخت ہندی مشہور ہی	می ۴	سعفی خون ہو ناک سے خون آنے کو بند کرتا ہے آنکھ کے جالے اور رتوندھی کو کھوتا ہی ریاح کو تحلیل کرتا ہی پیشاب زیادہ لاتا ہی سیلان منی کو بند کرتا ہی سدہ طحال کو کھوتا ہے۔
۲۴	اونٹ کٹارا	भुदरा	یہ درخت مثل کٹیلا کے ہوتا ہی اونٹ اسکو زیادہ کھاتا ہی		بھوک بڑھاتا ہی ہاضم ہی پیشاب زیادہ لاتا ہی کیڑوں کو دست صفراوی کو ورم سر کو چوتھیا دن کے بخار کو جوڑوں کے درد کو خسر کو قوت باہ کو مفید ہی
۲۵	امرود	कूसासर	میوہ ہندی مشہور ہی	ب اجی ا	اسہال صفراوی اور امراض صفراوی کو کھوتا ہی اگر دو تولہ اس کے درخت کا پوست بکری کے دودھ میں پکا کر دو روز پلائیں تو مرض ابرہ جو ناک میں ہوتا ہی جاتا رہتا ہی اور اسکو پیس بھی کہتے ہیں
۲۶	اسپغول	असपगोल	تخم ہو اسکا مشہور ہی سلم استعمال کرتے ہیں	ب ۳ ب ۲	ورم کو تحلیل کرتا ہی عین ہی جو بخار گرمی سے ہو اسکو کھوتا ہی اگر سرکہ گلاب و روغن چنبیلی ملا کر ضماد کریں تو درد سر جو گرمی سے ہو جاتا رہتا ہی ہچکی کو کھوتا ہی پیاس کو بجھاتا ہی۔
۲۷	املتاس	[illegible]बिर	درخت ہندی میں مشہور ہی	۲ ا	ضعف اور ہر ورم کو تحلیل کرتا ہی حاملہ عورت کو اسکا استعمال منع ہی ہچکی اور کنول کی بیماری اور سدہ جگر اور درد جوڑوں کو اور نقرس کو دور کرتا ہی۔
۲۸	آبہ ہلدی	हर्दी	زرد رنگ مثل لکڑی کے موٹی ہوتی ہی	می ۴	ورم کو تحلیل کرتی ہی امراض سرد معدہ و کان کو مفید ہی پتھری کو کھوتی ہی بند پیشاب کو جاری کرتی ہی بخار بلغمی اور زخم اور خارش کو دور کرتی ہی اگر دانتوں میں داخل کریں [illegible]

نمبر	ہ	س	م	ط	افعال وخواص
					چہرہ کے رنگ کو صاف کرتی ہے
۲۹	ایلوا	एलुवा	عصارہ گھیکوار کو کہتے ہیں۔	حی ۲	ورم کو تحلیل کرتا ہے ریاح کو خارج کرتا ہے دست آور ہے پیٹ کے کیڑوں کو کھوتا ہے جوڑوں کے درد کو دفع کرتا ہے معدہ اور ربو مانع او عصر دق کو ہوا دسی پاک کرتا ہے۔
۳۰	اکرکرا	अकलकरा	ایک جڑی ہی مشہور	حی ۳	فضلۂ دماغی کو نکالتا ہے فالج ورعشہ کو مفید ہے باہ کو قوت دیتا ہے درد سینہ ودرد ران کو کھوتا ہے جلند حر اور جو بخار سردی سے ہو اسکو دفع کرتا ہے
۳۱	اُوکھ	इक्षु	ہند میں مشہور ہی [illegible]	حی ۱ ۔ ر ۱	ریاح کو پیدا کرتا ہے بدن کو تیار کرتا ہے پیشاب زیادہ لاتا ہے معدہ کی جلن کو کھوتا ہے باہ زیادہ کرتا ہے خون کو صاف کرتا ہے
۳۲	اروی	मरुआडी	ترکاری ہند میں مشہور ہے	حی ۔ ر ۲	باہ کو زیادہ کرتی ہے بدن کو تیار کرتی ہے ہضم دیر میں ہوتی ہے قبض و جلندھر پیدا کرتی ہے گردوں کو

			اُسکو گھاس کہتے ہین	۰	دُبلا کرتی ہے پیشاب کو رُوکتی ہے
۳۳	اندرجو میٹھا	पाअहड	یہ جو سے لانبا ہوتا ہے اور اندرجو کڑوا کھایا نہین جاتا ضماد امستعمل ہے	ح ۲ ط	درد پہلو کو درد کمر کو زیادتی اسہال کو جسکو اطباے یونانی اسہال کبدی کہتے ہین سپیٹا کے کیڑون کو مفید ہے مقوی باہ ہے پیشاب زیادہ لاتا ہے پُرانی کھانسی کو سنگ مثانہ کو ریاح غلیظہ کو دلنے جو جسم پر سُرخ و زرد رنگ کے نکلتے ہین اُنکی سوزش آنکھ سوزش کو نافع ہے حمل کا معین ہے ۔
۳۴	اتیس	अतिबिषा	جڑ ہو پوست سفید مائل بسیاہی اندر سفید و تلخ	ح ۲	ہاضم ہے زکام کو دفع کرتا ہے کثرت اسہال کو بند کرتا ہے بخار کو کھوتا ہے کھانسی بلغمی کو لڑکون کی کھانسی کو مفید ہے ۔
۳۵	اٹنگن	ऊटंगन	تخم اسکے چپٹے ہوتے ہین	ح ۳	اعضاے رئیسہ کو فرحت پہونچاتا ہے ورم کو تحلیل کرتا ہے پیشاب زیادہ لاتا ہے گاے کے دودھ کے ساتھ اسکا سفوف کھانا مقوی باہ ہے ۔
۳۶	اسگندناگوری	असगंध	جڑ ہو مہندی گھاس کی سپید رنگ اندر و باہر	ح ۳	ورم کو تحلیل کرتا ہے منی کو بڑھاتا ہے جریان منی کو دفع کرتا ہے کھانسی کو کھوتا ہے ۔
۳۷	السی	अतसी	فصل ربیع مین	بر ۳	لعوق اسکا کھانسی کو کھوتا ہے اور اگر مرچ سیاہ کے ساتھ کھاوین تو باہ زیادہ کرتی ہے ۔

نمبر	ہ	س	م	ط	افعال وخواص
			پیدا ہوتی ہے		ضماد کرنے سے ورم کو تحلیل کرتی ہے اور اگر اسکو بھونکر استعمال کرین تو پیشاب زیادہ لاتی ہے اگر رات کو ایک تولہ بھگو کر صبح لعاب نکال کر پلاوین تو پتھری جاتی ہے -
۳۸	الایچی لال	दीर्घैला	مشہور ہے	جی ۲	مفرح ہے مقوی معدہ ہے ہاضم طعام ہے مقوی مسوڑھا ہے مقوی دل ہے بھوک پیدا کرتی ہے قے اور جی کی مالش اور ہیضہ اور ریاح معدہ اور درد جگر کو کھوتی ہے -
۳۹	الایچی سفید	सुक्ष्मैला	مشہور ہے	ج ای ۲	ہاضم ہے مقوی معدہ ہے مقوی دل ہے مسوڑھون کو مضبوط کرتی ہے رطوبت سینہ وحلق کو رفع کرتی ہے خفقان و جی کی مالش وقے وہیضہ کو دور کرتی ہے قابض ہے -
۴۰	آل	[illegible]	درخت بڑا ہوتا ہے اسکے درخت وساق کی جڑ کو آل کہتے ہین اس سے کپڑا رنگتے ہین		پوست وپھل درخت کا جوش کرکے مضمضہ کرنا درد دانتون کو کھوتا ہے وپھل و پوست درخت و برگ ضماداً ورم کو تحلیل کرتا ہے -

۴۱	ارنی	सेवना	درخت صحرائی ہے جڑ سے شاخین لمبی نکلتی ہین پتی مثل سنبھالو کے ہوتے ہین	جی ۲	سفوف بقدر تین ماشہ دافع قبض شکم ومحلل ریاح وآماس وضعف جگر ہے پتی تازہ پیسکر ضماد کرنے سے ورم و درد بھی جاتا ہے۔
۴۲	ارجن	अर्जुन	درخت صحرائی ہے	۱۰	مضمضہ کرنے سے دانتون کی جڑ کو مضبوط کرتا ہے ہڈی کو جوڑتا ہے زخم کو اچھا کرتا ہے ضماداً اگر کسی شخص نے زہر کھایا ہو اور اوپر سے اسکی پتی یا چھال یا پھل پیسکر پلا دین تو اثر زہر کا جاتا رہتا ہے۔
۴۳	استھل پدمنی	स्थल पद्मिना	جس مقام پر پانی بہتا ہو وہان معلوم ہوتا ہے [illegible] تو اسکا درخت ہوتا ہے		پانی مین پیسکر پلانا اسکی جڑ و پھول کا زخم بقدر چھ ماشہ دافع تپ ہے اور دستون کو بند کرتی ہے اور جو بخار گرمی سے ہو وہ بھی جاتا ہے۔
۴۴	اگیا	अगिया	گھاس ہے خودرو مشہور	ج ۳ - ی ۲	گندھک آنولہ سار کو چالیس روز تک اسکے عرق مین بھگوکر خشک کرین اور بقدر دو رتی پان مین کھانا انہین قوتی باہ ہے بھوک پیدا کرتی ہے اور قدرے مردار سنگ کے ساتھ ملاکر کھانا دافع خارش تر ہے۔
۴۵	امرت پھل	अमृतफल	میٹھے لیمون کو کہتے ہین	ب ۱ - ۲	سوزش سینہ کو دفع کرتا ہے پیاس کو بجھاتا ہے دلکو قوت دیتا ہے فساد خون کو دور کرتا ہے بخار صفراوی کو کھوتا ہے۔

نمبر	ہ	س	م	ط	افعال وخواص
۴۶	ارہر	आढ़की	غلہ فصل ربیع مین ہوتا ہے	حی ۲	دیرہضم ہے اور ثقیل مصلح ترشی و روغن زرد امراض بلغمی کو مفید ہے اگر ارہر کو بھگو کر سینکین تو نزلہ و زکام کی تکلیف جاتی ہے۔
۴۷	امرس	अमरस	آم کا عرق نچوڑ کر جاتے ہین	حر ا	دافع صفرا ہے مفرح دل بھوک پیدا کرتا ہے ملین شکم و آلات صدر ہے
۴۸	ایلا	ऐला	درخت صحرائی ہے خاردار پھل اسکا مثل املی کے ہوتا ہے	شیرین حار تر	مغز پھل کا کھانا ملین شکم ہے امراض صفراوی کو دور کرتا ہے پتی کا ضماد کنگر کو نافع ہے۔
۴۹	اندراین	विशाला	برسات مین درخت جمتا ہے پھل زرد چکنا گول ہوتا ہے	ح ۴ ی ۲	مغز پھل کا مسہل قوی اخلاط غلیظہ ہے مادۂ دماغی کو خوب خارج کرتا ہے قولنج کو نافع ہے اور اسکے بیج پیسکر کان مین ڈالنے سے درد کان کا جاتا ہے اور جڑ سے مضمضہ کرنا دل و درد دندان مسوڑہ کو مفید ہے اور پیسکر طلا کرنا عرق النسا اور جو درد سردی سے ہو نافع ہے۔

۵۰	انگور	अंगूर	میوۂ ہندی مشہور ہے	حر	بدن کو تیار کرتا ہی اچھا خون پیدا کرتا ہی پیٹ نرم کرتا ہے پیاس پیدا کرتا ہے مگر اسکے کھانے پر پانی پینا منع ہی رطوبت معدہ و جگر کو مضر ہی مقوی اعضاے رئیسہ ہے اگر اسکے پتے پانی مین پیسکر اور ڈھائی مرچ سیاہ کے ساتھ پلاوین تو درد گردہ جاتا ہے مجربات مؤلف سے ہے۔
۵۱	اوکھ کا رس	इक्षुरस	اوکھ کو پیر کر نکالتے ہین	حر	نفاخ ہے مگر جوش دینے سے نفخ دور ہو جاتا ہے جو شخص کثرت سے پیتا ہے بھوک کم ہو جاتی ہے دست لاتا ہے رسکوپی کرتے کرتا تنقیۂ بلغم کرتا ہے مصلح اسکا انیسون ہے۔
			باب دوم حرف الباء		
۵۲	بہیڑا	भीतक	پھل ہی مشہور درخت اسکا بڑا ہوتا ہی	ح ر ۲	دل کو قوت دیتا ہی بھوک پیدا کرتا ہی اور فساد خون و صفرا و سودا و بخار دونون کو جو جسم پر نکلتے ہین و پیٹ کے کیڑون کو دفع کرتا ہے ہاضم ہے بالون کو بڑھاتا ہے۔
۵۳	بکائن	विषमुष्टि	درخت ہند مین مشہور ہے	حی ۲	فساد خون کو دفع کرتا ہے اور اسکے پھل کا مغز بواسیر کو کھوتا ہے اور اگر ابٹن مین ملاکر منھ پر ملین رونق پیدا ہوتی ہے۔
۵۴	بر برا	वल्ला	درخت چھوٹا ہی تیکھ	بر	اگر اسکے پتے پانی مین بھگو کر پلاوین تو جریان منی جاتا ہے اور منی غلیظ

نمبر	ہ	س	م	ط	افعال وخواص
			چوڑے ہوتے ہین		کرتا ہے اور سنگ مثانہ کو کھوتا ہے اور عصارہ اسکے پتون کا سانپ کے زہر کو پیکھاٹے اور کھلانے سے دفع کرتا ہے اور اسکے تخم کو بیج بند کہتے ہین۔
۵۵	بارے بڑنگ	भारङ्गी	تخم ہے سیاہ گول خرد	حی ۲	بلغم اور سودا کو خارج کرتا ہے پیٹ کے کیڑون کو نکالتا ہے خلط لزج کو نکالتا ہے ہاضم ہے دمہ کو بخار کو کثرت ریاح کو کھوتا ہے زکام کو بند کرتا ہے اور جلندھر کو مفید ہے۔
۵۶	چیکچی	अमितला गक्ष	تخم سیاہ رنگ کے ہوتے ہین	حی	ملین ہے ریاح پیدا کرتی ہے بلغم کو دفع کرتی ہے بخار بلغمی کو کھوتی ہے پیٹ کے کیڑون کو نکالتی ہے فساد خون و برص و جذام کو دفع کرتی ہے سشراً و ضماداً زخم سوزاک کو بھرتی ہے۔
۵۷	بھنگرا	मंडूराम	بوٹی مشہور ہے	حی ۲	اسکا عرق آنکھ کی بینائی کو قوت دیتا ہے درد سر جو سردی سے ہو اسکو کھوتا ہے جذام کو او

			سیاہ وسفید رنگ کی ہوتی ہے		تاپ تلی اور امراض جلد یہ کو کھوتا ہے اور اگر ہمیشہ اسکا استعمال رکھیں تو بال سفید نہیں ہونے دیتا ہے امراض سوداوی کو بہت مفید ہے۔
۵۸	پت پاپڑا	पर्पट	درخت چھوٹا ہوتا ہے چھوٹے چھوٹے پتے ہیں مزہ کڑوا اور چرپرا بھی ہوتا ہے	بع	بلغمی وصفراوی بخار کو بہت مفید ہے دستون کو بند کرتا ہے سوزش سینہ کو کھوتا ہے ملین طبع ہے مصفی خون ہے پیشاب زیادہ لاتا ہے بھوک پیدا کرتا ہے تلوے اوجی کی مالش کو مفید ہے ۔
۵۹	پکھان بید	पाषाणभेद	جڑ ہے مائل بسرخی سیاہی تلخ مزہ گرہ دار ہوتی		ورم کو تحلیل کرتی ہے درد کو تسکین دیتی ہے پیشاب بند کو کھولتی ہے حمل کو گراتی ہے کتے دیوانے کے زہر کو دفع کرتی ہے ورم جگر و ورم تاپ تلی کو کھوتی ہے جریان وسوزش پیشاب و سنگ مثانہ کو دور کرتی ہے ۔
۶۰	پوکر مول	पुष्कराह्व	جڑ ہے ریشہ دار تلخ وسیاہ رنگ	حی ۲	بخار بلغمی اور ورم بلغمی کو نافع ہے ۔
۶۱	بلائی قند	वृद्धिका	جڑ ہے سفید رنگ جنگل میں پیدا ہوتی ہے	حی	مولد منی ہے بدن کو تیار کرتی ہے پیشاب کی جلن کو دفع کرتی ہے ۔

نمبر	ہ	س	م	ط	افعال وخواص
۶۲	پٹھانی لودھ	लोध्र	مزہ شیرین پوست سفید رنگ کا ہوتا ہے	بی	زیادتی دستون کو بند کرتا ہے ریاح بلغمی کو دفع کرتا ہے آنکھ کے درد اور سرخی کو کھوتا ہے زخم کو خشک کرتا ہے۔
۶۳	بدھارا	विहार	درخت ہی خاردار ہند مین مشہور	ح	دست پیدا کرتا ہے اور ورم بھی اسکے استعمال سے پیدا ہوتا ہے پیچش کو کھوتا ہے شربًا وضمادًا۔
۶۴	پلاس پاپڑا	यमीलबा	یہ تخم ہی درخت ڈھاک کا ہند مشہور ہے	پ ای ۲	اسکے پلانے سے پیٹ کے کیڑے جاتے ہین بواسیر کو مفید ہے اگر نمک وپوست بلیلہ ہموزن گلاب مین پیسکر آنکھ مین ڈالین تو جالہ آنکھ کا جاتا ہے۔
۶۵	پیاز	पलाराडु	ہند مین مشہور ہے	ح ای ۳	پیشاب زیادہ لاتی ہے سنگ مثانہ کو کھوتی ہے بند حیض کو کھولتی ہے ہاضم ہے امراض آنکھ کو اور تاب تلی کو اور کنول کی بیماری کو کھوتی ہے۔

۶۶	ببول	बब्बूल	درخت ہند مین مشہور ہے	ب ی	برگ اسکے دستون کو بند کرتے ہین اور کوپل اسکی اگرات کو بھگو کر صبح ملکر پیین تو سوزاک جاتا رہے اگر برگ و گل و گوند و پوست کا سفوف تیار کرکے استعمال کرین تو جریان اور عسرت انزال اور جریان منی رحم جاتا ہے۔
۶۷	بپیلا مول	कद्य मूलंग	جڑ ہے باریک سرخ سیاہی مائل مشہور	حی ۲	ورم کو تحلیل کرتا ہے ہاضم ہے بھوک پیدا کرتا ہے ورم تاپ تلی کو جذام کو ریاح بارده کو چوتڑ کے درد کو مرگی کو سکتہ کو دور کرتا ہے۔
۶۸	بن مونگ	वनमुद्ग	مثل مونگ کے جنگل مین پیدا ہوتی ہے	حی ۲	دست آور ہے ورم کو تحلیل کرتی ہے امراض بلغمی کو دفع کرتی ہے۔
۶۹	بیابانسہ	महाबल	درخت ہے مثل [illegible] ہے پھول زرد [illegible] [illegible]	حی ۲	جذام کو دور کرتا ہے درد کو تسکین دیتا ہے سفر با خارش کو کھوتا ہے دانتون کے درد کو غرغرہ کرانے سے مفید ہے۔
۷۰	بنسلوچن	वंशुजा	بانس کے اندر [illegible] سبز رنگ [illegible] بھگونے سے	[illegible] ی ۳	قابض ہے دل کو فرحت دیتا ہے سوزش معدہ کو دفع کرتا ہے سانس کو بجھاتا ہے تے کو بند کرتا ہے دل و جگر و معدے کو قوت دیتا ہے منہ کے دانتون کو اچھا کرتا ہے اسہال دموی کو بند کرتا ہے کھانسی و بخار و امراض صفراوی کو مفید ہے۔

نمبر	ہ	س	م	ط	افعال وخواص
			نیلگون ہوجاتاہے		
۷۱	پان کا نمک	सामुद्रक	قسم نمک ہے ہے ہے یہ گیا کی طرف زیادہ کھایا جاتا ہے	حی ۴	ہاضم ہے خوش ذائقہ ہے اسکو کھانے سے پاخانہ کھل کر ہوتا ہے ریاح بلغمی کو دور کرتا ہے۔
۷۲	بھلا دان	फल्लाह	پھل سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں درخت اسکا ہند مین مشہور ہے	ح ۳ ی ا	منی کو پیدا کرتا ہے کثرت ریاح کو امراض بلغمی کو امراض معدہ کو جذام کو بواسیر کو سنگرہنی کو بائے گولا کو بخار کو ضعف کو پیٹ کے کیڑون کو جسم پر دانے نکلنے کو آتشک کو دور کرتا ہے۔
۷۳	برھمی	ब्रह्मी	بوٹی ہندی مشہور ہے چھوٹا درخت پتی شل کافہ کی ہوتی ہے بیلدار	بر ۳	عقل کو ترقی دیتی ہے وقت حافظہ کو قوت دیتی ہے جذام کو پانڈروگ کو جریان کو بخار کو بلغم کو ریاح کو سنگ مثانہ کو سوزاک کو فساد خون کو دور کرتی ہے۔

۷۴	بربیل	आकाश बवरि	بیل درخت پر پھیلتی ہے زرد رنگ اسکے ہوتا ہے امربیل بھی کہتے ہین	حی ۳	سنگ مثانہ کو درد ریحی کو دُور کرتی ہے قابض ہے۔
۷۵	بھنگ بھانگ	विजया	درخت ہندی مشہور ہے اسکی پتی اہل ہند پیسکر پیتے ہین	بی ۳	پیشاب زیادہ لاتی ہے قابض ہے بھوک پیدا کرتی ہے منی کو خشک کرتی ہے باہ کو کھوتی ہے امساک پیدا کرتی ہے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔
۷۶	بانس	वीन	ہند مین مشہور ہے	بی	حدت صفرا کو بلغم شور کو سوزش سینہ کو فساد خون کو دفع کرتا ہے ورم کو تحلیل کرتا ہے اور اسکا کلہ پتا جو جڑ مین نکلتا ہے وہ مقوی باہ ہے مگر بلغم پیدا کرتا ہے اور ریاح بلغمی کو دفع کرتا ہے اور جڑ اسکی مقوی باہ ہے صفرا کو پیدا کرتی ہے مزاج گرم ہے۔
۷۷	پیپل چھوٹی	कृषारि	ہند مین پیدا ہوتی ہے درخت بیلدار ہوتا ہے زمین پر پھیلتا ہے	بی ۳	شہوت کو بڑھاتی ہے صفرا کو پیدا کرتی ہے دست آور ہے بلغم کو، ریاح کو دمہ کو کھانسی کو جذام کو معدے کے فساد کو بخار کو جریان کو باے گولا کو بواسیر کو تاپ تلی کو ہچکی کو مفید ہے۔
۷۸	بچ	नहीला	جڑ ہے معروف	حی ۳	قے لاتی ہے حلق کی آواز کو صاف کرتی ہے معدے کو قوت دیتی ہے مرگی کو امراض بلغمی کو جنون کو درد کو دُور کرتی ہے۔

نمبر	ہ	س	م	ط	افعال و خواص
۷۹	پرینگ	प्रयाम	درخت اسکا بیلدار ہوتا ہے پتی اسکی مثل پان کے ہوتی ہے	بر ۳	ریاح کو پیدا کرتی ہے سوزشِ سینہ کو صفرا کو بخار کو فسادِ خون کو دفع کرتی ہے۔
۸۰	پدم کاٹھ	पद्माख	لکڑی ہے معروف	بر ۲	سوزش سینہ کو جسم پر کے دانون کو جذام کو بلغم کو فساد خون کو صفرا کو دور کرتی ہے پیاس کو بجھاتی ہے۔
۸۱	پتنگ	पतंग	درخت ہندی ہے اسکی لکڑی سرخ رنگ کی ہوتی ہے اسکے جوشاندہ سے کپڑا رنگتے ہین	حی ۲	صفرا کو بلغم کو بدن پر کے دانون کو فساد خون کو دفع کرتی ہے اگر اسکا ابٹن لگادین تو چہرے کا رنگ صاف ہوتا ہے۔
۸۲	بسنتی	वसातजा	گھاس ہے چھوٹی	بر ۲	امراض صفراوی کو دور کرتی ہی پیاس کو بجھاتی ہے آنکھ و کان و منھ کی بیماریونکو دور

			پھول بسنتی رنگ		کرتی ہی بقدر پانچ ماشہ کے مجموعا پانی مین پیس کر پینا دافع فساد خون ہی۔
۸۳	بس کھوپرا	विषगर्भ	اُنڈی پتی کو بس کھوپرا اور چھوٹی پتی کو بس کھوپڑی کہتے ہین پھول زرد سرخ و سفید ہوتا ہی	حی ۲	بھوک پیدا کرتا ہی ملین شکم ہے امراض بلغمی کو کھوتا ہی ورم احشا کو دفع کرتا ہی شربتاً اگر پتی تازی گاے کے دودھ کے ساتھ پلاوین تو پیشاب بند جاری ہوتا ہے اور جنگلی قسم سفید کی سایہ مین خشک کرکے گلاب مین پیکر لگاوین بال ملک کے جھڑنے مین اور پان کے ساتھ کھانسی و دمہ جاتا ہے۔
۸۴	برہم ڈنڈی	श्वेत लसमरा	گھاس ہے زمین پر بیٹھی ہوتی [illegible]	حی ۱	مصفی خون ہی جسم پر دانہ نکلنے کو موقوف کرتی ہی سیلان منی کو بند کرتی ہے بخار بلغمی کو کھوتی ہے رنگ چہرہ کو صاف کرتی ہی۔
۸۵	بیلہ	मल्लिका	درخت اسکا خاردار ہو گل سفید خوشبودار سیہری ذائقہ تلخ۔	بر ۱	امراض صفراوی کو اگر کسی شخص نے زہر کھایا ہو اُس کے اثر کو بلغم شور کی حرارت کو دفع کرتا ہے۔
۸۶	بہرنی	अम्लवाधा	درخت اسکا چھوٹا ہوتا ہی اور گرمی مین پھولتا ہی پتی اُسکی مثل لیسی کے	حی ۲	صفرا کو پیدا کرتی ہے بلغم کو ریاح کو فساد خون کو سوزش سینہ کو پیٹ سے کیڑون کو پیپ نکلنے کی بیماری کو اگر کسی شخص نے زہر کھایا ہو اُس کے اثر کو دور کرتی ہے۔

نمبر	د	س	م	ط	افعال و خواص
۸۷	بجورا	वास्तूक	خوشبودار ہوتی ہی قسم لیمون سی ہی	بی ۲	مقوی دل ہی قابض ہے پیاس کو بجھاتا ہے قے کو دفع کرتا ہے بھوک پیدا کرتا ہی فساد خون کو حرارت صفرا کو دفع کرتا ہے پیٹ کے کیڑون کو نکالتا ہے تخم دھول بھوک پیدا کرتا ہے باسے گولا کو دور کرتا ہے پھول قابض ہے کھانسی کو دمہ کو نافع ہی مزاج اس کا سرد ہی۔
۸۸	پالک	पालक्या	ساگ ہی کا اہل ہند کھاتی مین چھوٹی پتی ہوتی ہی	ب ۱	ملین ہی سریع الہضم ہی سوزش پیشاب کو دفع کرتی ہے بخار جو گرمی سے ہو اسکو کھوتی ہی صفرا کو تسکین دیتی ہی کیول اور کھانسی جو گرمی سے ہو دور کرتی ہی۔
۸۹	پالک کا بیج	पालक्या बीज	تخم مثلث ہوتی ہیں	ب ۱	حیرن جریعنی تپ دق اور بخار صفراوی کو کھوتا ہے پیاس کو بجھاتا ہے پیشاب بند کو جاری کرتا ہے نزلہ حار اور قبض کو دفع کرتا ہی ہچکی کو زائل کرتا ہے

۹۰	پوئی	पोतकी	از قسم بقولات ہی اکثر زراعت برگ تنبول مین ہوتی ہی	بہ ا	بلغم کو پیدا کرتی ہی بھوک پیدا کرتی ہی ریاح صفراوی کو دور کرتی ہی منی کو پیدا کرتی ہے فساد خون کو دفع کرتی ہی سوختگی آتش پر ملا کرنا مسکن سوزش و مانع آبلہ اور عقرب زدہ کو تین ہی پانی مین پیسکر لگانا دافع سمیت ہی مجرب ہی
۹۱	پرور	परवल	پھل ہی دیہات مین ہوتا ہی اہل ہند اسکی ترکاری مریضونکو کھلاتے ہین	ح ا ر ۲	مقوی دل ہی بھوک پیدا کرتا ہے شہوت کو بڑھاتا ہی کھانسی کو و باسیر کو سرسام کو بخار کو پیٹ کے کیڑون کو دور کرتا ہی جڑ اسکی دست آور ہی اور پھل سرسام بلغمی کو دور کرتا ہی اور پتی اسکی صفراوی کو دور کرتی ہی مزاج سرد ہی
۹۲	پارہ	पारद	جسم معدنی معروف ہی	ت ر ۳	ازبس مقوی باہ و دافع ضعف اعصاب اکلا و دافع آتشک و خارش اگلا۔ علاوہ مصلح [illegible] روغن زرد الکامریض آتشک کا منھ آوے تو اسکی تدبیر کرنا چاہیے غرغرہ وغیرہ سے
۹۳	پھٹکری سفید	फटकता कारखा	مشہور ہی	حی ۳	بلغم کو زہر کو پھوڑے کو جسم کے داغون کو دور کرتی ہی آنکھ کے جالے کو ناک سے خون آنے کو دفع کرتی ہی ایک ماشہ سے دو ماشہ تک سہ چند شکر کے ساتھ سفوف اسکا کھانا اور دودھ اور پر پینا سوزاک کو دفع کرتی ہی اور پچکاری دافع زخم سوزاک ہی
۹۴	پگہ	[illegible]	گنت کلان ہند مین	بہ ۲	قابض ہی بلغم کو صفرا کو پھوڑے کو دور کرتا ہے تپ کو بلی اسکی ریاح کو دور کرتا ہی اس کا

نمبر	ہ	س	م	ط	افعال وخواص
			ہوتا ہے		درود جریان وسرعت انزال وکثرت احتلام کو دفع کرتا ہے اعضاے رئیسہ کو قوت پہونچاتا ہے۔
۹۵	پیپل	अश्वत्थ	درخت کلان ہندی مشہور ہوتا ہے	جی	اسکا پوست ضماد کرنے سے ورم تحلیل ہوتا ہے نافع زخم ناسور ہے گرم کرکے باندھنے سے پھوڑا بیٹھ جاتا ہے اور خشک پتی اسکی جلاکر راکھ پانی مین گھول کر سکوتے آتی ہو دینے سے بند ہوتی ہے اسکا عرق دافع فساد خون ہے اور اسکی چھال تازہ پانی مین بھگو کر پینے سے قے بند ہوتی ہے
